تحریکی کارکن رزم گاہِ حیات میں | مرتب : اختر حجازی - ناشر: شفیق الاسلام فاروقی - حرا پبلیکیشنز - ۲/۱۴ فضل الٰہی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ صفحات : ۱۳۶ ٹائیٹل آرٹ کارڈ- قیمت ۱۵ / ۱۶ روپے۔

حافظ محمد ادریس کے دیباچے کے ساتھ مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ، پروفیسر غلام اعظم، مولانا معین الدین خٹک مرحوم، ڈاکٹر نذیر احمد شہیدؒ، سید اسعد گیلانی، پروفیسر خورشید احمد کے مقالات اور راقم ناچیز کا بھی ایک مضمون اس مجموعے میں شامل ہے۔

کام کرنے والوں کے لیے قرآن خود بڑا سرچشمہ نور ہے۔ حدیث ایک فانوس ہے۔ صحابہؓ کی زندگیاں روشن ستارے ہیں۔ تابعین اور تبع تابعین کے علمائے اکابر کے کیے ہوئے کام سینکڑوں چراغ ہیں۔ اور پھر دورِ آخر میں مولانا مودودیؒ جیسے صاحبِ دل انقلابی مفکر اور ان کے مدرسہ نظر میں تیار ہونے والے علما اور دانشور جتنا وسیع کام تحریکِ اسلامی کے کارکنوں کی رہنمائی کے لیے کر چکے ہیں، اُسے اگر لوگ توجہ سے پڑھیں اور استفادہ کریں تو انہیں درسِ حکمت و عمل بھی ملے اور جادۂ کار کے سارے نشیب و فراز بھی دکھائی دینے لگیں۔ یہ مجموعہ اسی غرض کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

اب اگر پڑھا ہی نہ جائے، توجہ ہی نہ دی جائے، سبق ہی اخذ نہ کیا جائے اور کسی شخص کے اندر کام کرنے کا ارادہ ہی نہ ہو تو ایسے مجموعے تو کیا، دل پتھر ہو جائیں تو تفسیریں اور احادیث بھی جونک نہیں لگا سکتے۔ اِس مجموعے کی کسوٹی پر قارئین اپنے آپ کو پرکھیں کہ ان کے دل ایک لفظ احساس ہیں یا پتھر کی سِل۔

مسلمان عورت کے حقوق | از جناب سید جلال الدین عمری ۔ ناشر: ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی، علی گڑھ ۔ یوپی ۔ ۲۰۰۲ء ۔ (انڈیا) ۔ صفحات: ۲۰۰ ۔ کاغذ اور طباعت خوبصورت قیمت: ۲۰/ روپے۔

مولانا سید جلال الدین صاحب بھارت میں تعلیمی، علمی، فقہی اور ادبی لحاظ سے ایک مقام رکھتے